© rasailojaraid.com

# اخبار الجامعۃ والجماعۃ

## جامع مسجد علیا اہل حدیث سول لائن بلال ٹاؤن جہلم میں سیرت امام الانبیاء ﷺ کانفرنس

مورخہ 12 فروری بروز اتوار جامع مسجد علیا اہل حدیث سول لائن (بلال ٹاؤن) میں سیرت امام الانبیاء ﷺ کانفرنس زیر صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر منعقد ہوئی۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض مدیر الجامعہ حافظ احمد حقیق نے سرانجام دیئے۔ کانفرنس سے مولانا عبدالرزاق ساجد (فیصل آباد) اور مولانا حافظ محمد اسحاق اوکاڑوی نے خطاب کیا جبکہ شاعر اسلام قاری سلیم اللہ مدنی نے نعتیہ کلام پیش کیا۔ حاضری کے لحاظ سے یہ کانفرنس انتہائی کامیاب رہی۔

## مرکزی جامع مسجد اہل حدیث سوہاوہ میں چھٹی سالانہ سیرت رحمت عالم ﷺ کانفرنس

مورخہ 7 اپریل بروز ہفتہ مرکزی جامع مسجد اہل حدیث سوہاوہ میں چھٹی سالانہ سیرت رحمت عالم ﷺ کانفرنس منعقد ہوئی جس کی صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے کی۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض مولانا قطب شاہ نے سرانجام دیئے۔ کانفرنس سے مولانا نعیم الرحمٰن شیخوپوری، قاری محمد یوسف راشد خطیب گوجرانوالہ اور مہمان خصوصی حافظ حبیب الرحمٰن خطیب برطانیہ نے خطاب کیا۔ جبکہ شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل نے خصوصی طور پر شرکت فرما کر کانفرنس کی رونق کو دوبالا کیا۔ کانفرنس میں سوہاوہ کے علاوہ مسہ کسوال، دینہ اور جہلم کوٹلہ آئمہ سے بھی لوگوں نے کافی تعداد میں شرکت کی۔

## جامع مسجد اہل حدیث ڈھیری نکہ میرپور میں سیرت النبی ﷺ کانفرنس

مورخہ 3 مارچ بروز ہفتہ جامع مسجد اہل حدیث ڈھیری نکہ میرپور میں عظیم الشان کانفرنس ہوئی۔ جس میں شیر پنجاب مولانا منظور احمد خطیب گوجرانوالہ اور مولانا محمد اسماعیل بلوچ نے خطاب کیا۔ یہ کانفرنس رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر کی زیر صدارت ہونا تھی لیکن حافظ صاحب بیرون ملک ہونے کی وجہ سے شرکت نہ کر سکے ان کی عدم موجودگی میں جامعہ سے مفتی محمد شفیع، مولانا قطب شاہ اور محمد صدیق یوسفی نے شرکت کی۔

## جامع مسجد اہل حدیث قصبہ کریالی (سرائے عالمگیر) میں سیرت النبی ﷺ کانفرنس

مورخہ 8 مارچ بروز جمعرات جامع مسجد اہل حدیث قصبہ کریالی میں عظیم الشان سیرت کانفرنس زیر صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر منعقد ہوئی۔ کانفرنس سے مناظر اسلام مولانا محمد عبداللہ نثار اور مولانا احسن فاروقی نے خطاب کیا۔ اس کانفرنس میں جہلم سے مولانا قطب شاہ اور محمد صدیق یوسفی کے علاوہ جامعہ کے طلبہ نے شرکت کی۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

## جامع مسجد اہل حدیث بن خرماں میر پور میں سیرت النبی ﷺ کانفرنس

مورخہ 14 اپریل بروز ہفتہ جامع مسجد اہل حدیث بن خرماں (میر پور) میں سیرت النبی ﷺ کانفرنس منعقد ہوئی۔ کانفرنس سے مولانا محمد ادریس سلفی کراچی، مولانا محمد ابراہیم میر پوری خطیب برطانیہ، مولانا انس مدنی کراچی اور مولانا احتشام الحق بھوپال نے خطاب کیا اور شاعر اسلام قاری عبدالوہاب صدیقی نے نعتیہ کلام پیش کیا۔ رئیس الجامعہ ڈیرہ غازی خان میں مرکزی مجلس شوریٰ کے اجلاس میں جانے کی وجہ سے کانفرنس میں شریک نہ ہو سکے۔ ان کی عدم موجودگی میں جہلم سے مفتی محمد شفیع اور مولانا قطب شاہ نے شرکت کی۔

## جامع مسجد اہل حدیث پیچیاں (میر پور) میں سیرت النبی ﷺ کانفرنس

مورخہ 21 اپریل بروز ہفتہ بعد نماز عشاء جامع مسجد اہل حدیث پیچیاں (میر پور) میں سیرت النبی ﷺ کانفرنس زیر صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر منعقد ہوئی۔ کانفرنس سے مولانا طارق محمود یزدانی، مولانا یٰسین بلوچ، مولانا اسماعیل بلوچ اور مولانا نصیر احمد عثمانی نے خطاب کیا اور رئیس الجامعہ نے مختصر صدارتی خطبہ ارشاد فرمایا۔ جہلم سے رئیس الجامعہ کے ساتھ مفتی محمد شفیع اور محمد صدیق یوسفی نے بھی کانفرنس میں شرکت کی۔ کانفرنس میں کثیر تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔

## رئیس الجامعہ کی جامعہ رحمانیہ فاروق آباد کانفرنس میں شرکت

مورخہ 31 مارچ بروز ہفتہ جامعہ رحمانیہ فاروق آباد میں عظیم الشان کانفرنس ہوئی۔ قاری شاہد محمود سعیدی اور قاری زاہد محمود سعیدی کی خصوصی دعوت پر رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے کانفرنس کی صدارت کی۔ یاد رہے کہ حافظ عبدالرزاق سعیدی مرحوم کا جامعہ کے ساتھ تعلق اور بانی جامعہ حضرت مولانا حافظ عبدالغفور رحمہ اللہ سے گہری محبت تھی یہی وجہ ہے کہ جامعہ رحمانیہ میں جب بھی پروگرام ہوتا تو حافظ عبدالغفور رحمہ اللہ کی زندگی میں ان کے زیر صدارت ہوتا، ان کی وفات کے بعد علامہ محمد مدنی رحمہ اللہ جب تک زندہ رہے کانفرنس کی صدارت کرتے رہے۔ ان کی وفات کے بعد حافظ عبدالرزاق سعیدی مرحوم نے اپنی زندگی میں جب بھی کانفرنس کا انعقاد کیا تو رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر کے زیر صدارت کانفرنس رکھی۔ ان کے بعد ان کے بیٹوں نے اس روایت کو قائم رکھا اور اس دفعہ بھی کانفرنس رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر کی زیر صدارت ہوئی۔



© rasailojaraid.com